کربلا تونے لوٹ لِیا گھر زہراء کا

کربلا تونے لوٹ لِیا گھر زہراء کا نہر رواں ہے اور پیاسا گھر زہراء کا

اٰئے تیرے دامن میں مہماں باغ اُجاڑا کِیا ہے ویراں
ناحق کیوں برباد کِیا گھر زہراء کا

یہ کیسي مہمان کي خدمة تین دِنو سے پیاس کي شِدّة
قطرہءِ اٰب نہیں پایا گھر زہراء کا

اِبن حسن کي کیسي شادي بھوکے پیاسے سب باراتي
پاني کو بھي ترس گیا گھر زہراء کا

اِک اِک کر کے لاشیں اُٹھائے سر سے پاں تک خوں میں نہائے
لاشوں سے تھا بھرا ہوا گھر زہراء کا

گودي سے اور گھوارون سے بچھڑے هيں بچّے ماؤن سے
شام تلك ويران هوا گھر زهراء كا

جاؤ خدا حافظ اے اكبر ديكھ بھي لو اِك بار پلٹ كر
لگتا هے ويران بھرا گھر زهراء كا

سجدهء حق سے سر نہ اُٹھايا سر دے كر اسلام بچايا
هم پر احسان كر گيا گھر زهراء كا

*****